THE SCHOLAR
Islamic Academic Research Journal
ISSN: 2413-7480( Print) 2617-4308 (Online)
DOI:10.29370/siarj
Journal home page: http://siarj.com

# مجمع البحوث الاسلامیہ القاہرہ کا اجتہادی منہج: ایک تحقیقی مطالعہ

# IJTIHAD METHODOLOGY OF ISLAMIC RESEARCH ACADEMY CAIRO: A RESEARCH STUDY

1. **Dr Hafiz Muhammad Zubair**

Assistant Professor, Department of Humanities, COMSATS University Islamabad, Lahore Campus, Lahore.

Email : mzubair@cuilahore.edu.pk

ORCID ID:

https://orcid.org/0000-0003-1383-746X

2. **Dr. Jabeen Bhutto**

Assistant Professor, Department of Comparative Religion & Islamic Culture, Sindh University, Jamshoro, Pakistan

Email: drbhuttojabeen@gmail.com

ORCID ID:

https://orcid.org/0000-0001-8155-482X

**To cite this article:**
Zubair, Hafiz Muhammad, Jabeen Bhutto, "IJTIHAD METHODOLOGY OF ISLAMIC RESEARCH ACADEMY CAIRO: A RESEARCH STUDY | The Scholar-Islamic Academic Research Journal." *The Scholar-Islamic Academic Research Journal* 5, No. 2 (December 16, 2019): 21–37

**To link to this article:** https://doi.org/10.29370/siarj/issue9ar2

| | |
|---|---|
| **Journal** | The Scholar Islamic Academic Research Journal<br>Vol. 5, No. 2 \|\| July -December 2019 \|\| P.21-37 |
| **Publisher** | Research Gateway Society |
| **DOI:** | 10.29370/siarj/issue9ar2 |
| **URL:** | https://doi.org/10.29370/siarj/issue9ar2 |
| **License:** | Copyright c 2017 NC-SA 4.0 |
| **Journal homepage** | www.siarj.com |
| **Published online:** | 2019-12-16 |

cc BY NC SA

Open Access

# مجمع البحوث الاسلامیہ القاہرہ کا اجتہادی منہج: ایک تحقیقی مطالعہ

# IJTIHAD METHODOLOGY OF ISLAMIC RESEARCH ACADEMY CAIRO: A RESEARCH STUDY

Dr Hafiz Muhammad Zubair, Dr. Jabeen Bhutto

**ABSTRACT**:

*There are two types of Ijtihād: individual and collective. When an individual Muslim Jurist perform Ijtihād it is called individual Ijtihād and when a Council of Islamic Jurists or qualified scholars undertake utmost effort to discover the Sharia ruling then it is called collective Ijtihād. A governmental and non-governmental organization of qualified scholars is an appropriate platform for collective Ijtihād. Such jurists' groups must be established in every Islamic country and society. In addition, there should be an international jurist's counseling organization, which represents the entire Muslim Ummah. The Islamic Research Academy Cairo, comprising well known Muslim scholars throughout the world, is the supreme body of Islamic research and issuing Fatwa in Egypt. It undertakes research and issue Fatwa on all subjects' related to Islamic doctrines, practices, and culture, expanding its knowledge to each level and in every environment. This research articles explores the history, governing body, internal structure, rules and regulations and methodology of issuing Fatwa of The Islamic Research Academy Cairo and the criticism on its approach to issue a Fatwa.*

**Keywords:** Ijtihād, Collective Ijtihād, Collective Fatwā, Shūrā, Contemporary Islam

**کلیدی الفاظ:** اجتہاد، اجتماعی اجتہاد، اجتماعی فتوی، شوری، معاصر اسلام

## اجتہاد کا لغوی معنی و مفہوم:

اجتہاد کا لفظ 'جہد' سے بنا ہے اور امام خلیل الفراہیدی کے نزدیک اس سے مراد خوب کوشش کرنا ہے یا کسی مسئلے میں پوری طرح اپنی ذہنی و جسمانی طاقتوں کو کھپا دینا ہے۔[1] امام ابن درید الأزدی کا کہنا ہے کہ 'جَہْد' اور 'جُہْد' دونوں ہی فصیح ہیں۔ اور دونوں کا معنی طاقت اور قوت ہے۔[2] امام ابو منصور ازہری نے بھی 'جُہْد' کا معنی طاقت کیا ہے۔[3] امام ابن فارس کہتے ہیں کہ 'جَہْد' کا اطلاق مشقت سے ملتے جلتے اور قریبی معانی پر ہوتا ہے۔[4] امام ابو نصر اسماعیل الجوہری کے مطابق 'جَہْد' اور 'جُہْد' دونوں سے سے مراد طاقت ہے۔[5] امام ابن سیدہ کا کہنا بھی یہی ہے کہ 'جَہْد' اور 'جُہْد' دونوں سے مراد طاقت ہے[6] جبکہ علامہ ابن أثیر الجزری فرماتے ہیں کہ 'جُہْد' سے مراد طاقت ہوتی ہے۔[7] علامہ ابن منظور أفریقی کا بھی کہنا ہے کہ 'جَہد' اور 'جُہد' دونوں سے مراد طاقت ہی ہے۔[8] علامہ مجد الدین فیروزآبادی (متوفی 816ھ) نے کہا ہے کہ 'جَہد' کا معنی طاقت ہے اور یہ ضمہ کے ساتھ 'جُہد' بھی آتا ہے۔[9] علامہ زبیدی کا کہنا بھی یہی ہے کہ 'جَہد' کا لفظ فتحہ اور بعض اوقات ضمہ کے ساتھ طاقت کے معنی میں مستعمل ہے۔"[10]

## اجتہاد کا اصطلاحی معنی و مفہوم:

علامہ بدر الدین زرکشی نے اجتہاد کی تعریف یوں بیان کی ہے:

---

[1] al-Farāhīdī, Abū Abd al-Rahmān al-Khalīl bin Aḥmad, *Kitāb al-Ain* (Beirut: Dār Ihyā᾽ al-Turāth al-Arabī, 2003), 160.
[2] Ibn Duraid, Abū Bakr Muhammed bin al-Ḥasan al-Azdī, *Jamharah al-Lughah* (Beirut: Dār Ihyā᾽ al-Turāth al-Arabī, 1987), 1/452.
[3] Abū Manṣūr al-Azharī, Muḥammad bin Aḥmad, *Tahdhīb al-Lughah* (Beirut: Dār Ihyā᾽ al-Turāth al-Arabī, 2001), 6/26.
[4] Ibn Fāris, Aḥmad bin Zakariyyā, *Moʿajam Maqāyīs al-Lughah* (Beirut: Dār al-Fikr, 1399 AH), 227.
[5] Al-Jawharī, Abū Naṣr Ismāʿīl bin Ḥammād, *Taj al-Lughah wa Ṣiḥāḥ al-Arabiyyah* (Beirut: Dār al-Ilm lil Malāyīn, 1979), 2/460-461.
[6] Ibn e Sīdah, Abū al-Ḥasan Alī bin Ismāʿīl, *al-Muḥkam wa al-Muḥīt al-Aẓam* (Beirut: Dār al-Kutub al-Ilmiyyah, 2000), 4/153.
[7] Ibn *al*-Athīr Muḥammad bin Muḥammad bin Muḥammad al-Shaybānī al-Jazarī, *al-Nihāyah fī Gharīb al-Ḥadīth wa al-Athar* (Beirut: al-Maktabah al-Ilmiyyah, 1979), 1/848.
[8] Ibn Manẓūr al-Ifriqī, Muhammad bin Mukarram bin Alī bin Aḥmad, *Lisān al-Arab* (Beirut: Dār e Ṣādir, 1968), 3/133.
[9] Majd al-Dīn Muhammed bin Yaʿqūb al-Firozabādī, *al-Qamūs al-Muḥiṭ* (Beirut: Mo'assasah al-Risālah, 2005), 275.

[10] Al-Zabīdī, Muhammad bin Muhammad al-Murtaḍā al-Husaynī, *Tāj al-Arūs min Jawāhir al-Qāmūs* (Beirut: Dār al-Hidāyah, 1305 AH), 7/534.

"وفي الإصطلاح بذل الوسع في نيل حكم شرعي عملى بطريق الإستنباط."[11]

یعنی کسی عملی شرعی حکم کو بذریعہ استنباط معلوم کرنے کی خاطر انتہائی درجے کی کوشش کرنا اجتہاد ہے۔ امام شوکانی نے اجتہاد کی بعینہ اسی تعریف کو نقل کیا ہے۔[12] حافظ ثناءاللہ زاہدی نے بھی اجتہاد کی اسی تعریف کو اختیار کیا ہے لیکن اس میں 'مجتہد' کی قید کا اضافہ کیا ہے جبکہ 'عملی' کی قید کو ہٹا دیا ہے۔[13] شیخ یوسف قرضاوی نے بھی امام شوکانی ہی کی تعریف کی تائید کی ہے۔[14] شیخ عبدالمنان نورپوری نے امام زرکشی کی اس تعریف کو بیان کرتے ہوئے اس میں 'ظن' کی قید کا بھی اضافہ کیا ہے۔[15] شیخ محمد ابراہیم شقرۃ نے بھی امام شوکانی ہی کی تعریف کو بیان کیا ہے۔[16] پس اہل علم کی جملہ تعریفات کا متفقہ نکتہ یہ ہے کہ ' اجتہاد' کتاب وسنت کی روشنی میں کسی نئے پیش آمدہ مسئلہ میں شرعی حکم کی تلاش کا نام ہے۔ اجتہاد سے مراد آزادانہ رائے قائم کرنا نہیں ہے بلکہ اجتہاد سے مراد یہ ہے کہ قرآن وسنت جو کہ اسلام کے اصل مصادر (sources) ہیں، ان پر غور کر کے قیاسی یا استنباطی طور پر شریعت کے نئے احکام معلوم کرنا۔[17] ڈاکٹر محمود احمد غازی لکھتے ہیں:

> To exhaust your capacity to discover Shariah ruling about a new situation in the light of the Quran and Sunnah.[18]

> ' کتاب وسنت کی روشنی میں کسی نئے مسئلہ کے بارے میں شریعت کا حکم معلوم کرنے کے لیے اپنی پوری قوت صرف کر دینا اجتہاد کہلاتا ہے۔"

## اجتماعی اجتہاد اور اس کے ادارے:

اجتماعی اجتہاد کا عمل تو خلافت راشدہ میں ہی شروع ہو چکا تھا لیکن اس نے ایک باقاعدہ ادارے کی صورت بیسویں

[11] Al-Zarkashī, Muhammad bin Bahādur bin Abdullah, *al-Baḥr al-Muḥīt fī Uṣūl al-Fiqh* (Beirut: Dār al-Kutub al-Ilmiyyah, 1421 AH) 6/197.

[12] Al-Shūkānī, Muhammad bin Alī, *Irshād al-Fuḥūl Ilā Taḥqīq al-Ḥaqq min Ilm al-Ūṣūl* (Beirut: Dār al-Kitāb al-Arabī, 1999), 2/205.

[13] Ḥāfiẓ Thanāʾullah Zaidī, *Talkhīṣ al-Uṣūl* (Ṣādiq Ābād: Markaz al-Imām al-Bukhārī le al-Turāth wa al-Taḥqīq), 61.

[14] Al-Qarḍāwī, Sheikh Yūsuf, *al-Ijtehād fī al-Sharīʿah al-Islāmiyyah* (Kuwait: Dār al-Qalam, 1996), 11.

[15] Abd al-Mannān Nūrpurī, Sheikh, *Nukhbah al-Uṣūl Talkhīṣ Irshād al-Fuḥūl* (Gujrāwālah: Jām'ah Muḥammadiyyah), 68.

[16] Ibrāhīm Shaqrah, Sheikh, *al-Raʾyy al-Sadīd fī al-Ijtihād wa al-Taqlīd* (Sharikah al-Aṣdiqāʾ le al-Tabāʿah wa al-Tijārah), 3.

[17] Waḥīd al-Dīn Khān, Maulānā, *Masāil e Ijtihād* (Lahore: Dār al-Tadhkīr), 18.

[18] Maḥmūd Aḥmad Ghāzī, Dr., *Muḥāḍrāt e Fiqh* (Lahore: al-Fayṣal Nāshrān, 2005), 331-332.

صدی ہجری میں ہی اختیار کی ہے۔اسی وجہ سے اجتماعی اجتہاد کی جتنی بھی تعریفات ہمیں ملتی ہیں، وہ تقریباً بیسویں صدی ہجری کے آخری ربع میں ہی سامنے آئی۔اس وقت اجتماعی اجتہاد کا عمل اگرچہ مختلف اداروں، جماعتوں، تنظیموں اور حکومتوں کی سرپرستی میں جاری ہے لیکن اس عمل کی تاحال کوئی ایسی جامع مانع تعریف بیان نہیں ہوئی کہ جس پر علماء کا اتفاق ہو۔شاید اس میں کچھ وقت لگے کہ جب بھی کوئی نئی اصطلاح وضع ہوتی ہے تو اہل علم کے ہاں اس کی قبولیت عامہ میں کچھ وقت درکار ہوتا ہے۔ اجتماعی اجتہاد پر شائع کی جانے والی کتب، مقالہ جات، رسائل اور مضامین میں اجتماعی اجتہاد کی کئی ایک تعریفات بیان ہوئی ہیں۔ان تعریفات میں بظاہر اختلاف ہے لیکن یہ تنوع کا اختلاف ہے نہ کہ تضاد کا۔خلاصہ کلام یہ کہ اجتماعی اجتہاد کا عمل اس وقت اسلامی دنیا میں جاری ہے اور جب علماء اجتماعی اجتہاد کے اس جاری و ساری عمل کو الفاظ کا جامہ پہنانے کی کوشش کرتے ہیں تو تعریف میں ان کا لفظی اختلاف نمایاں ہو جاتا ہے۔

بہرحال "ندوة الاجتهاد الجماعي في العالم الإسلامي" کے شرکاء نے 'جامعة العين' متحدہ عرب امارات میں 1996ء میں منعقدہ ایک اجلاس میں اجتماعی اجتہاد کی تعریف درج ذیل الفاظ میں بیان کی ہے:

"تقرر الندوة أن الاجتهاد الجماعي: هو اتفاق أغلبية المجتهدين، في نطاق مجمع فقهي أو هيئة أو مؤسسة شرعية، ينظمها ولي الأمر في دولة إسلامية على حكم شرعي عملي، لم يرد به نص قطعي الثبوت والدلالة، بعد بذل غاية الجهد فيما بينهم في البحث والتشاور." [19]

''اجتماعی اجتہاد کی مجلس یہ طے کرتی ہے کہ اجتماعی اجتہاد سے مراد کسی ایسی فقہی اکیڈمی، انجمن یا شرعی ادارے کے تحت، جس کی دیکھ بھال اسلامی ریاست میں امیر المؤمنین کر رہے ہوں، علماء کی اکثریت کا باہمی مشاورت و مباحثے میں غایت درجے کی کوشش کرتے ہوئے کسی ایسے مسئلے میں شرعی عملی حکم پر اتفاق کر لینا ہے کہ جس میں 'قطعی الثبوت' اور 'قطعی الدلالۃ' نص وارد نہ ہوئی ہو۔''

## مجمع البحوث الاسلامیہ کے قیام کا تاریخی پس منظر:

'جامعۃ الأزھر' کی ابتداء ۷ رمضان ۳۶۱ھ میں ہوئی اور ۷ رمضان ۱۳۶۱ھ مؤرخہ ۱۸ ستمبر ۱۹۴۲ء میں اس کو ایک ہزار سال مکمل ہو گئے۔ابتداء میں جامعہ الازہر میں فتوی نویسی کا کام بالکل نہیں تھا۔اس کی ابتداء ۱۸۸۵ء میں ہوئی۔ڈاکٹر تاج الدین أزہری اس کے بارے میں لکھتے ہیں:

'' ۷ جمادی الثانی ۱۳۰۵ھ مطابق ۲۱ نومبر ۱۸۸۵ء سے أزہری فتاوی کو باقاعدہ لکھنے کا آغاز ہوا۔اس وقت کے

[19] Salih bin Abdullah bin Humaid, Dr., *Al-Ijtihād al-Jamāʿī wa Ahmiyyatuhū fī Nawāzil al-Aṣr* (Mecca: Al-Majmʿ al-Fiqh al-Islami), 14.

شیخ الأزہر الشیخ حسونہ نواوی کے فتاوی کو باقاعدہ ضبط تحریر میں لایا گیا۔ کچھ ہی عرصے بعد ۲۴ محرم الحرام ۱۳۱۷ھ مطابق ۳جون ۱۸۹۹ء کو الشیخ محمد عبدہ کا تقرر بحثیت مفتی عمل میں آیا۔ اس وقت سے اب تک باقاعدہ مفتی مصر کا تقرر کیا جاتا ہے۔"[20]

پھر ایک ایسا دور بھی آیا جبکہ جامعہ الأزہر میں فتوی جاری کرنے کے لیے علماء کی ایک جماعت یا کمیٹی تشکیل دی گئی اور اجتماعی فتوی کا رجحان قائم ہوا۔ 'مجمع البحوث' کے قیام سے پہلے تک کئی ایک اجتماعی ادارے بنائے گئے جو مختلف ناموں سے معروف ہوئے۔ ذیل میں ہم ان کا ایک مختصر تعارف نقل کر رہے ہیں۔

۱۹۱۱ء کے لگ بھگ جامعہ الأزہر کے تحت ہیئۃ کبار العلماء کے نام سے علماء کی ایک مجلس تشکیل دی گئی، جس کا کام دینی مسائل میں عوام الناس کی رہنمائی کرنا تھا۔ ڈاکٹر تاج الدین أزہری اس مجلس کا تعارف کرواتے ہوئے لکھتے ہیں:

" ۱۹۱۱ء میں الأزہر میں ہیئۃ کبار العلماء کے نام سے ایک کمیٹی تشکیل دی گئی جس کے سربراہ الشیخ سلیم بشری تھے اور تیس بڑے علماء اس کے رکن تھے۔ ان میں سے ہر ایک علوم اسلامیہ کے کسی نہ کسی شعبے میں متخصص تھا۔ ان کا کام جہاں الأزہر کے اندر اسلامی علوم کی تدریس تھا، وہیں دینی مسائل میں لوگوں کی رہنمائی کرنا بھی تھا۔ اس کمیٹی کا رکن بننے کے لیے درج ذیل شرائط مقرر کی گئی تھیں: ۱۔ رکن کی عمر ۴۵ سال سے کم نہ ہو۔ ۲۔ وہ الأزہر کے اندر دس سال تک علوم اسلامیہ کی تدریس سے وابستہ رہا ہو اور اس نے مذکورہ عرصے میں کم از کم چار سال درجہ عالیہ کی تدریس میں گزارے ہوں۔ ۳۔ علوم اسلامیہ کے کسی نہ کسی فن میں اس کی کوئی تصنیف ہو، یا پھر اسکی علمی خدمات کے اعتراف میں اسے کسی ایوارڈ سے نوازا گیا ہو۔ ۴۔ وہ صاحب تقوی ہو اور بے داغ کردار کا مالک ہو۔" [21]

کچھ سالوں کے بعد ہیئۃ کبار العلماء کے نظام کو ختم کر کے ایک نئی مجلس لجنۃ کبار العلماء کی بنیاد رکھی گئی۔ جس میں مذاہب أربعہ سے متعلق علماء کو متناسب نمائندگی حاصل تھی۔ ڈاکٹر تاج الدین أزہری اس مجلس کا تعارف کرواتے ہوئے لکھتے ہیں:

" ہیئۃ کبار العلماء کا نظام تقریباً ربع صدی اسی طرح چلتا رہا۔ جب الشیخ مصطفی المراغی کا دور آیا تو ۱۲ جمادی الأولی ۱۳۵۴ھ مطابق ۱۱ اگست ۱۹۳۵ء کو ہیئۃ کبار العلماء کی جگہ لجنۃ کبار العلماء نے لے لی۔ یہ کمیٹی ایک چیئرمین اور گیارہ ارکان پر مشتمل تھی جن میں سے تین حنفی، تین مالکی، تین شافعی اور دو حنبلی مسلک سے تعلق رکھتے تھے۔ اس کمیٹی کا کام دینی مسائل میں لوگوں کی رہنمائی کرنا اور دینی امور سے متعلق ان کے سوالوں کے جواب

[20] Muhammad Tahir Mansuri, Dr., *Ijtimāʿī Ijtihād: Taṣawwur, Irtiqāʾ awr Amlī ṣūratain* (Islamabad: International Islamic University, 2007), 319.
[21] Ibid., 320.

دینا تھا۔ اگر سوال کسی خاص مسلک کے حوالے سے پوچھا جاتا تو کمیٹی اس مسلک کے مطابق جواب دیتی، ورنہ کتاب و سنت، اجماع، قیاس صحیح اور سائل کے حالات کو سامنے رکھتے ہوئے محکم دلائل کے ساتھ جواب دے دیا جاتا۔ مثلاً یہ سوال کہ شادی کی حرمت کے لیے کتنی رضعات شرط ہیں؟ فقہائے اُربعہ کا اس میں اختلاف ہے۔ کسی نے ایک کہا ہے، کسی نے تین اور کسی نے پانچ اور وہ بھی یقین کے ساتھ اور دو سال کی عمر تک پہنچنے کے دوران۔ کمیٹی کا فتویٰ آخری قول پر ہے جو امام اُحمد اور امام شافعی کا ہے، کیونکہ اس میں لوگوں کے لیے آسانی ہے اور یہ دلیل کے اعتبار سے مضبوط بھی ہے۔" [22]

۱۹۳۶ء میں اس کمیٹی کا نام تبدیل کر کے جماعۃ کبار العلماء رکھ دیا گیا اور اس کے اراکین کے انتخاب میں سابقہ شرائط کو برقرار رکھتے ہوئے مزید ایک شرط کا اضافہ کیا گیا اور وہ یہ تھی کہ اس کمیٹی کا رکن بننے والے علماء کے لیے یہ شرط ہے کہ انہوں نے دینی علوم کے فروغ میں کوئی نمایاں کردار ادا کیا ہو اور مزید برآں انہوں نے کوئی ایسا علمی مقالہ پیش کیا ہو جس سے علمی بحث و تحقیق کے کچھ نئے پہلو اجاگر ہوتے ہوں۔

جامعہ اُزہر سے متعلقہ مصری قانون نمبر ۱۰۳ کے تحت 'مجمع البحوث الإسلامیۃ' کا قیام ۱۹۶۱ء میں عمل میں لایا گیا اور شیخ الأزہر کو اس کا صدر مقرر کیا گیا۔ نصر محمود الکرنز لکھتے ہیں:

"مجمع کا قیام ۱۹۶۱ء میں بمطابق ۱۳۸۱ھ قانون ۱۰۳ کے تحت عمل میں لایا گیا جو جامعہ اُزہر کی نشوونما سے متعلق ہے۔ اس کے صدر جامعہ کے شیخ ہوں گے۔ علاوہ ازیں اس کا ایک سیکریٹری جنرل بھی ہوگا۔ یہ مجمع کئی ایک ذیلی کمیٹیوں پر مشتمل ہوگا مثلاً قرآن کمیٹی، فقہی مباحث کی کمیٹی، اسلامی ورثے کے احیاء کی کمیٹی اور معاشرتی مسائل کی تحقیقی کمیٹی وغیرہ۔ فقہی مباحث کی کمیٹی کا کام مختلف مذاہب کے مطابق قانون سازی [کی سفارشات پیش] کرنا ہے... اس کا پہلا اجلاس ۱۳۸۳ھ بمطابق ۱۹۶۴ء میں ہوا۔" [23]

## مجمع کے قیام کے اغراض و مقاصد:

۱۹۶۱ء کے قانون نمبر ۱۰۳ میں مجمع کے قیام کے بارے میں کئی ایک اغراض و مقاصد کو اجاگر کیا گیا ہے۔ ڈاکٹر تاج الدین اُزہری ان کے بارے میں لکھتے ہیں:

- اسلامی علوم کی مختلف فروع میں گہری بحث و تحقیق۔
- اسلامی ثقافت کے احیاء اور اس کے خلاف ہر قسم کے شبہات اور تعصبات کے خاتمے کے لیے مساعی۔

[22] Ibid.
[23] Nasr Mahmud al-Karnaz, *Al-Ijtihād al-Jamāʿī wa Taṭbīqātuhu al-Muāṣarah* (Gaza: Al-Jāmiʿah Al-Islāmiyyah 2008), 97.

- اسلام کی علمی وسعتوں سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ہر طبقے اور ہر ماحول کے اعتبار سے اسلامی ثقافت کو پیش کرنا۔
- اسلام کے علمی ورثے کی تحقیق اور نشر و اشاعت۔
- سماجی اور اقتصادی مشکلات کے حل میں دینی رہنمائی۔
- حکمت اور اخلاق حسنہ کے ذریعے اسلام کی تبلیغ و دعوت۔
- پوری دنیا میں اسلام سے متعلق چھپنے والے مواد میں درست و صائب باتوں کی تائید اور غلط بیانوں کی علمی تردید۔
- پوری دنیا کے ساتھ الأزہر کے علمی تبادلے کے لیے نظام کا خاکہ وضع کرنا۔
- جامعہ أزہر میں درجہ عالیہ کو چلانے میں معاونت اور اس کی تحقیقی سرگرمیوں کی نگرانی۔
- اسلامی علوم میں بحث و تحقیق پر حکومت کی طرف سے دیے جانے والے انعامات کے لیے قواعد وضع کرنا۔"[24]

## مجمع کا قانونی ڈھانچہ:

مجمع کے کل پچاس ارکان ہوتے ہیں جن میں ۳۰ علماء و محققین تو مصری ہوتے ہیں جبکہ بقیہ ۲۰ کے بارے میں یہ اختیار موجود ہے کہ وہ مصری ہوں یا غیر مصری۔ شیخ الأزہر اس مجمع کے سربراہ ہوتے ہیں۔ ڈاکٹر صالح بن عبداللہ بن حمید لکھتے ہیں:

"مجمع پچاس اراکین علماء اور مذاہب اسلامیہ کے متخصصین پر مشتمل ہوتی ہے۔ ان میں سے تقریباً بیس کے قریب علماء و متخصصین غیر مصری ہوتے ہیں جبکہ مجمع کے نصف اراکین ایسے ہوتے ہیں جو کل وقتی ہوں۔ کسی رکن کی رکنیت کا تعین جمہوریہ مصر کے صدر کی تجویز سے ہوتا ہے اور شیخ أزہر اس کے صدر ہوتے ہیں۔"[25]

مجمع کی رکنیت کے لیے کئی ایک شرائط وضع کی گئی ہیں۔ قانون ۱۶۳ کے آرٹیکل ۱۷ کے تحت مجمع کے ایک رکن کے لیے درج ذیل شرائط بیان کی گئی ہیں۔ ڈاکٹر شعبان محمد اسماعیل لکھتے ہیں:

" مجمع کے ایک رکن کے لیے یہ شرائط ہیں: ۱۔ اس کی عمر چالیس سال سے کم نہ ہو۔ ۲۔ ماضی اور حاضر میں اپنے تقوی اور ورع میں معروف ہو۔ ۳۔ اس نے جامعہ أزہر یا تحقیقات اسلامیہ سے متعلق کسی کالج یا اعلی اداروں سے کوئی اعلی علمی سند حاصل کی ہو۔ ۴۔ اسلامی علوم میں اس کی کوئی گراں قدر خدمات ہوں یا اس نے کالج یا

[24] *Ijtimāʿī Ijtihād: Taṣawwur, Irtiqāʾ awr Amlī ṣūratain,* 323-324.
[25] *Al-Ijtihād al-Jamāʿī wa Ahmiyyatuhū fī Nawāzil al-Aṣr*, 24-25.

درجہ عالیہ کے اداروں میں سے کسی ادارے میں کم از کم پانچ سال تک کے لیے اسلامی علوم کی تدریس کا فریضہ سرانجام دیا ہو یا اس نے پانچ سال بطور قاضی یا مفتی یا قانون ساز کے کسی ادارے میں خدمات سرانجام دی ہوں۔"[26]

آرٹیکل ۱۸ کے تحت مجمع کے اراکین کی تقرری جمہوریہ مصر کے صدر کی منظوری سے ہوتی ہے اور اس کی تجویز شیخ الأزہر پیش کرتے ہیں۔ ڈاکٹر شعبان محمد اسماعیل لکھتے ہیں:

"مجمع کے ارکان کی تقرری جمہوریہ مصر کے صدر کے فرمان سے ہوتی ہے اور صدر کے سامنے شیخ الأزہر کی تجویز متعلقہ مخصوص وزیر پیش کرتے ہیں اور اس بناپر ابتداءاً کمیٹی تشکیل دی جاتی ہے۔ شیخ الأزہر اس کمیٹی کے سربراہ ہوتے ہیں۔"[27]

ہیئہ کبار العلماء میں بھی کسی رکن کے انتخاب کا طریقہ کار تقریباً یہی ہے۔ مفتی اعظم کی نشاندہی پر سعودی عرب کے موجودہ شاہ اس کا تعین کرتے ہیں۔ ایک دفعہ کمیٹی کی تشکیل کے بعد اگر اس کے کسی رکن کی رکنیت ساقط ہو جائے تو نیا رکن منتخب کرنے کے لیے صدر کی منظوری کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ڈاکٹر شعبان محمد اسماعیل آرٹیکل ۳۱ کو بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"سابقہ اسباب میں سے کسی سبب یا اس کے علاوہ کسی وجہ سے اگر مجمع کے کسی رکن کی رکنیت ساقط ہو جائے تو مجمع اس رکن کے جانشین کے طور پر رکنیت کے امیدواروں میں سے کسی کو منتخب کرے گی۔ کسی عالم دین کا رکنیت کا اُمیدوار ہونا اس وقت ثابت ہو گا جبکہ اس کے بارے میں مجمع کے دو ارکان تزکیہ جاری کر دیں۔ مجمع کے جس اجلاس میں نئے امیدواروں کی رکنیت کی فیصلہ کیا جائے' وہ اجلاس مجمع کے دو تہائی اراکین سے کم نہ ہوں۔ اگر مجمع کے حاضر اراکین میں سے اکثر نے کسی امیدوار کی رکنیت کے حق میں رائے جاری کر دی تو اس امیدوار کا بطور رکن انتخاب درست ہو گا بشرطیکہ حامی اراکین کی تعداد مجمع کے کل اراکین کی تعداد کے نصف سے کم نہ ہو۔ یہ رائے دہی خفیہ ہو گی اور اس کے بعد متعلقہ مخصوص وزیر کے پیش کرنے پر صدر جمہوریہ بھی اس امیدوار کی رکنیت پر اعتماد کا فرمان جاری کریں گے۔"[28]

آرٹیکل ۱۹ کے تحت مجمع کے ارکان کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا۔ پہلی قسم کے ارکان وہ ہیں جو کل وقتی ہوں گے جبکہ کچھ ارکان جز وقتی ہوتے ہیں۔ ڈاکٹر شعبان محمد اسماعیل لکھتے ہیں:

---

[26] Shaban Muhammad Ismail, Dr., *Al-Ijtihād al-Jamāʿī wa Dawr al-Majāmiʿ al-Fiqhiyyah fī Taṭbīqihī* (Beirut: Dār al-Bashāʾr al-Islamiyyah), 138-139.
[27] Ibid., 139.
[28] Ibid.

"مجمع کے کم از کم نصف اراکین کل وقتی ہوں گے اور مجمع کا انتظامی قانون کل وقتی اور جز وقتی اراکین کی ذمہ داریوں کی وضاحت کرے گا۔"[29]

آرٹیکل ۲۶ میں اس بات کی وضاحت بھی موجود ہیں کہ مجمع بعض اہل علم و فن کو اپنی غالب اکثریت کے ساتھ مراسلاتی رکنیت بھی فراہم کر سکتی ہے:

" مؤتمر المجمع' اپنے دو اراکین کی تجویز پر عمومی اکثریت کے ساتھ جمہوریہ مصر اور اس کے علاوہ دوسرے ممالک کے بعض ایسے افراد کو مراسلاتی رکنیت فراہم کرے گی' جن کے بارے اس کا گمان ہو کہ وہ اس کے مقاصد کو پورا کرنے میں اس کی امداد کر سکتے ہیں۔ایسے افراد کی رکنیت پر متعلقہ مخصوص وزیر ایک قرارداد کے ذریعے اپنے اعتماد کا اظہار کریں گے۔"[30]

آرٹیکل ۳۲ کے تحت یہ بھی نقل کیا گیا ہے کہ ان اراکین کی ان تنخواہوں اور وظائف کا بھی باقاعدہ ایک جدول تیار کیا جائے گا جو مجمع پوری کرے گا۔ڈاکٹر شعبان محمد اسماعیل لکھتے ہیں:

"اس قانون کے انتظامی لائحہ عمل سے متعلق جدول میں کل وقتی اور جز وقتی اراکین کی تنخواہیں مقرر کر دی جائیں گی جیسا کہ مجمع کے علاوہ دوسری مجالس علمیہ کے ان اراکین کے وظائف بھی باقاعدہ مقرر ہوں گے' جن سے مجمع ان کی مہارت وصلاحیت کی وجہ سے بعض اوقات مدد حاصل کرتی ہے۔"[31]

ایک دفعہ مجمع کا رکن مقرر ہونے کے بعد اس کی رکنیت ساقط بھی ہو سکتی ہے۔ایک رکن کی رکنیت کے ختم ہونے کی چار صورتیں متعلقہ قانون میں بیان ہوئی ہیں۔ڈاکٹر شعبان محمد اسماعیل لکھتے ہیں:

" درج ذیل حالات میں مجمع کی رکنیت ساقط ہو جائے گی: ۱۔اگر کسی رکن کی عدالت یا امانت کے خلاف کوئی بات ثابت ہو جائے۔ ۲۔کسی رکن کی طرف سے کوئی ایسا کام سامنے آئے جو اس کی رکنیت کے منافی ہو مثلاً دین اسلام میں عیب جوئی یا ضروریات دین میں سے کسی چیز کا انکار یا وہ کسی ایسے رستے پر چل پڑتا ہے' جس سے اس کے بحیثیت ایک عالم دین تعارف اور قدر میں کمی واقع ہوتی ہو۔ اس حالت میں رکنیت کے ختم ہونے کا سبب مجمع کی دو تہائی اراکین کی قرارداد ہو گی کہ جس پر متعلقہ مخصوص وزیر اپنے اعتماد کا اظہار کرے گا۔ ۳۔اگر کوئی رکن کسی مرض یا بعض دوسرے احوال کی وجہ سے اپنے فرائض کی ادائیگی کے قابل نہ رہے۔اس صورت میں بھی مجمع کے اکثر اراکین کی رائے اور موافقت کے بعد ہی رکنیت ساقط ہو گی۔ ۴۔جب کسی رکن کا استعفا قبول کر لیا جائے یا مجمع کسی رکن کو اپنے اجلاسات سے (بکثرت) غیر حاضری کی وجہ سے مستعفی خیال کرے جیسا کہ

[29] Ibid.
[30] *Al-Ijtihād al-Jamāʿī wa Dawr al-Majāmiʿ al-Fiqhiyyah fī Taṭbīqihī,* 140.
[31] Ibid., 142.

**The Scholar Islamic Academic Research Journal**
Vol. 5, No. 2 || July -December 2019 || P. 21-37
https://doi.org/10.29370/siarj/issue9ar2

اس قانون کے انتظامی لائحہ عمل میں اس کی تفصیل موجود ہے۔"[32]

آرٹیکل ۲۳ کے تحت مجمع کے لیے ایک سیکریٹیریٹ جنرل کے قیام کا بھی اعلان کی گیا تاکہ مجمع کے انتظامی معاملات کو بخوبی سرانجام دیا جاسکے۔ڈاکٹر شعبان محمد اسماعیل لکھتے ہیں:

"مجمع کا ایک سیکریٹیریٹ جنرل ہوگا جس کا سربراہ سیکریٹری جنرل ہو گا۔اسلامی ثقافت اور وافدین کے مدیر کو یہ منصب اس شرط کے ساتھ دیا جائے گا کہ اس میں مجمع کی رکنیت کی وہ شرائط پوری ہوں جو اس قانون کے آرٹیکل ۱۷ میں بیان ہوچکی ہیں۔ سیکریٹری جنرل کے تعین کی منظوری شیخ الأزہر کی موافقت اور متعلقہ مخصوص وزیر کے پیش کرنے پر صدر جمہوریہ کریں گے۔ سیکریٹری جنرل اپنی تعیناتی کی قرارداد کے تقاضے کے مطابق اس وقت تک مجمع کا رکن ہوگا' جب تک کہ وہ اس ذمہ داری پر فائز رہے گا۔"[33]

سیکریٹیریٹ جنرل کن لوگوں پر مشتمل ہوگا اس کے بارے میں قانون کا آرٹیکل ۲۵ ان الفاظ میں رہنمائی کرتا ہے:

"مجمع کا سیکریٹیریٹ جنرل' سیکریٹری جنرل' ایک یا ایک سے زائد اسسٹنٹ سیکریٹری اور مجمع کے انتظامی و فنی معاملات کو سنبھالنے کے لیے ضروری ملازمین پر مشتمل ہو گا۔ سیکریٹیریٹ جنرل کا کام اس قانون کے لائحہ عمل کے مطابق مجمع کی قراردادوں کی تنفیذ ہے۔"[34]

## مجمع کے اجتہادی اداروں اور کمیٹیوں کے اجتہادی کاموں کی نوعیت اور جہات:

مجمع کے ماتحت کئی ایک ادارے ہیں' جو مختلف میدانوں میں کام کررہے ہیں۔ان میں چند ایک کا ہم ذیل میں تذکرہ کررہے ہیں:

**الادارہ العامہ للبعوث الاسلامیہ:** اس ادارے کے تحت جامعہ أزہر کے فارغ التحصیل علماء کو مختلف اسلامی ممالک میں اسلامی و عربی ثقافت کی ترویج کے لیے مبعوث کیا جاتا ہے۔اس وقت دنیا کے تقریباً ۸۷ ممالک میں جامعہ أزہر کے علماء اپنی دینی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ ان علماء کے وظائف جاری کرنا' اسی ادارے کی ذمہ داری ہے۔

**الادارہ العامہ للبحوث والتالیف والترجمہ:** یہ ادارہ مصر میں قرآن مجید کی طباعت کی نگرانی کرتا ہے تاکہ اس کی اشاعت خطا سے مبرا ہو۔اسی طرح اسلامی موضوعات سے متعلقہ عربی اور غیر عربی کتابیں' مقالات' کیسٹس اور افلام وغیرہ بھی اس ادارے کی سرپرستی میں شائع ہوتی ہیں۔اس قسم کے ادارے وقت کی ایک اہم ضرورت ہیں۔اور ہمارے خیال میں قرآن مجید کی طباعت میں اغلاط کی کثرت سے بچنے کے لیے جمیع اسلامی ممالک ماہر علماء کی سرپرستی میں اس طرح کے

[32] Ibid., 141-142.
[33] *Al-Ijtihād al-Jamāʿī wa Dawr al-Majāmiʿ al-Fiqhiyyah fī Taṭbīqihī,* 140.
[34] Ibid.

**The Scholar Islamic Academic Research Journal**
Vol. 5, No. 2 || July -December 2019 || P. 21-37
https://doi.org/10.29370/siarj/issue9ar2

ادارے قائم کرنے چاہئیں۔

**ادارہ احیاء التراث الاسلامی:** اس ادارے کے تحت منتخب کتابوں اور مقالات کی اشاعت کا کام ہوتا ہے۔ تقریباً ہر مہینے ایک کتاب شائع کی جاتی ہے۔ شیخ الأزہر علامہ طنطاوی کی تفسیر 'التفسیر الوسیط' اسی ادارے کے تحت شائع کی گئی ہے۔ علاوہ ازیں امام سیوطی کی کتاب 'جمع الجوامع' اور حدیث کا ایک انسائیکلوپیڈیا بھی شائع کیا گیا ہے۔[35]

مجمع کے ذیلی اداروں کی طرح اس کی کئی ایک کمیٹیاں بھی ہیں جو مختلف میدانوں میں اپنی ذمہ داریاں اور فرائض سرانجام دیتی ہیں۔ مجمع سے متعلقہ قانون کے آرٹیکل ۲۸ میں ان کمیٹیوں کی طرف اشارہ موجود ہے۔ ڈاکٹر شعبان محمد اسماعیل اس آرٹیکل کو بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

> "مجمع کے اراکین سے مختلف کمیٹیاں بنائی جائیں گی تاکہ مجمع کے ان مقاصد کو پورا کیا جاسکے جو اس قانون اور اس کے لائحہ عمل میں بیان ہوئے ہیں۔"[36]

ذیل میں ہم ان میں سے چند ایک کمیٹیوں کا مختصر تعارف کروا رہے ہیں:

**قرآن کریم کی تحقیقی کمیٹی:** یہ کمیٹی مختلف تفاسیر میں موجود اسرائیلی روایات کی تحقیق کا کام کرتی ہے۔ علاوہ ازیں اس کے پیش نظر متوسط حجم کی ایک مستند تفسیر تیار کرنا بھی ہے۔

**سنت نبوی کمیٹی:** اس کمیٹی کے ذمے حدیث کا ایک جامع انسائیکلوپیڈیا تیار کرنا ہے۔

**مسجد اُقصی کمیٹی:** اس کمیٹی کے فرائض میں یہ شامل ہے کہ یہ مسجد اقصی کے بارے میں شائع شدہ مواد کو جمع کرے۔ یہودیوں کے جارحانہ عزائم کو بے نقاب کرے اور مسجد اُقصی کی آزادی کے لیے مسلمان امت میں تحریک پیدا کرے۔

**اسلام کے تعارف کی کمیٹی:** اس کمیٹی کا کام موجودہ دور میں اسلام اور مسلمانوں کے خلاف ہونے والی سازشوں کا علمی سطح پر مقابلہ کرنا ہے۔ اس کے علاوہ یہ اسلام کی نشر و اشاعت اور تبلیغی و دعوتی سرگرمیوں کی بھی منصوبہ بندی کرتی ہے۔

**فقہی مباحث کی کمیٹی:** اس کمیٹی کے تین بڑے کام ہیں: ۱۔ معاصر انشورنس کمپنیوں کے بارے میں شرعی نقطہ نظر

---

[35] Islamic Educational Scientific and Cultural Organization, Hayʾāt al-Azhar, Retrieved September 04, 2009, from http://www.isesco.org.ma/arabe/culture/cultural diversity/azhar/p3.php

[36] *Al-Ijtihād al-Jamāʿī wa Dawr al-Majāmiʿ al-Fiqhiyyah fī Taṭbīqihī,* 141.

پیش کرنا۔ ۲۔ سیاست شرعیہ کے مطابق اسلامی قانون سازی کے لیے سفارشات پیش کرنا۔ ۳۔ مختلف قسم کے فقہی استفسارات کے جواب دینا۔

**اسلامی ثقافت کی کمیٹی:** اس کمیٹی کا کام اسلامی معاشرے میں موجود خرابیوں کی نشاندہی اور اس کا حل تجویز کرنا ہے۔ یہ کمیٹی عامۃالناس اور مجمع البحوث الاسلامیۃ کے مابین رابطے کا کام بھی کرتی ہے۔

**اسلامی عقیدے کی کمیٹی:** اس کمیٹی کا کام باطل اور گمراہ فرقوں مثلاً قادیانی، بہائی اور مستشرقین وغیرہ کی طرف سے اٹھائے گئے علمی اشکالات اور فتنوں کا توڑ کرنا ہے تاکہ اسلام کے صحیح عقیدے کی حفاظت کی جاسکے۔

**اسلامی انسائیکلوپیڈیا کی کمیٹی:** یہ کمیٹی ایک ایسا اسلامی انسائیکلوپیڈیا تیار کرنے میں مصروف ہے، جو اس قدر جامع ہو کہ محققین کو دیگر انسائیکلوپیڈیاز سے بے نیاز کردے۔[37]

## مجمع کی فتوی کمیٹی کے فتوی جاری کرنے کا علمی منہج وطریق کار:

جامعہ اَزہر کے تاریخی اور علمی پس منظر کی وجہ سے ساری دنیا سے مسلمان اپنے دینی مسائل میں رہنمائی کے لیے اس کی طرف رجوع کرتے ہیں۔ جب سائلین کی تعداد حد سے بڑھ گئی اور شیخ الاَزہر کے لیے ہر سوال کا جواب دینا مشکل ہو گیا تو انہوں نے سائل کے مسلک کے اعتبار سے اس کے سوالات مسالک اَربعہ کے جلیل القدر علماء کو بھیجنے شروع کردیے لیکن اس صورت میں اس مسلک کے مطابق تو جواب درست ہوتا تھا لیکن خدشہ یہ تھا کہ ایک ہی ادارے سے ایک ہی مسئلے میں متفرق آراء کے جاری ہونے سے امت مسلمہ کی وحدت متاثر ہوسکتی ہے۔ چنانچہ شیخ مصطفی المراغی کے زمانے میں ایک فتوی کمیٹی بنائی گئی۔ یہ فتوی کمیٹی مذاہب اَربعہ کے نمائندہ علماء پر مشتمل ہوتی تھی۔ ڈاکٹر تاج الدین اَزہری لکھتے ہیں:

> " الشیخ مصطفی المراغی نے ۱۹۳۵ء میں الشیخ حسین کی سربراہی میں ایک کمیٹی تشکیل دی جس کا ذکر لجنۃ کبار العلماء کے ضمن میں آچکا ہے۔ چاروں مسالک کے جلیل القدر علماء کو اس میں نمائندگی دیتے ہوئے انہیں ہدایت کی گئی کہ وہ کسی خاص مسلک کی قید کے بغیر، راجح دلیل، آسانی، عرف عام اور حالات کو سامنے رکھتے ہوئے اس طرح فتوی دیں کہ اس میں امت کی بہتری ہو۔ الشیخ حسین کے بعد اس کی سربراہی الشیخ عبداللطیف فخام کو دی گئی۔ ان کے بعد الشیخ مامون الشناوی سربراہ ہوئے اور یوں ایک کے بعد دوسرا کوئی نہ کوئی جلیل القدر اور ممتاز اَزہری عالم ہی اس کا سربراہ بنتا رہا، لیکن کمیٹی کے فتوی دینے کا طریقہ کار وہی رہا جو الشیخ المراغی نے

[37] *Ijtimāʿī Ijtihād: Taṣawwur, Irtiqāʾ awr Amlī ṣūratain,* 327-328.

**The Scholar Islamic Academic Research Journal**
Vol. 5, No. 2 || July -December 2019 || P. 21-37
https://doi.org/10.29370/siarj/issue9ar2

طے کر دیا تھا' اور کمیٹی اب تک اس پر قائم ہے۔" [38]

اس کمیٹی کی طرح شیوخ الأزہر کا بھی مستقل طور پر فتوی کا یہی منہج رہا ہے' جس کی وجہ سے بعض اوقات ان حضرات کو تنقید کا سامنا بھی کرنا پڑتا ہے۔ڈاکٹر تاج الدین أزہری اپنا ایک واقعہ نقل کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"الأزہر میں اپنے زمانہ طالب علمی کے دوران اس طریق کار کا میں نے خود مشاہدہ کیا ہے۔اس وقت کے شیخ الأزہر جاد الحق علی جاد الحق سے ایک سائل نے پوچھا کہ آپ کبھی ایک مسلک کے مطابق فتوی دے دیتے ہیں اور کبھی دوسرے کے مطابق۔آخر ایسا کیوں ہے؟ توانہوں نے جواب دیا:"تمہارا کام اپنی مشکل کو سوال کی صورت میں پیش کرنا ہے۔اب اس کا شرعی حل فراہم کرنا ہمارا کام ہے۔ہم جس مسلک کی رائے کو حالات اور دلائل کے اعتبار سے بہتر سمجھتے ہیں' اسی کے مطابق فتوی دے دیتے ہیں۔ہمارے سامنے ہمیشہ اسلام اور ملک و قوم کا مفاد ہوتا ہے۔فرد کے مسلک کا نہیں۔" [39]

حنفی المسلک ہونے کے باوجود شیخ الأزہر دوسری فقہ کے مطابق بھی فتوی جاری کر دیتے ہیں۔مثال کے طور پر شیخ الأزہر مصطفی المراغی کے بارے میں ڈاکٹر تاج الدین أزہری لکھتے ہیں:

> "انہوں نے حنفی المسلک ہونے کے باوجود کئی مرتبہ حنفی آراء کے خلاف فتوی دیا' مثلاً انہوں نے ایک مجلس کی تین طلاقوں کو ایک قرار دیا اور اس کے مطابق شرعی عدالت سے فیصلہ سنایا۔اسی طرح انہوں نے اس عورت کا دعوی سننے سے انکار کر دیا جو بچے کو اپنے خاوند کی طرف منسوب کرے' جب کہ میاں بیوی کے درمیان ایک سال سے زیادہ عرصے سے ملاپ ہی نہ ہوا ہو' خواہ یہ خاوند کے غائب ہونے کی وجہ سے ہو' یا طلاق کی وجہ سے۔اس بارے میں انہوں نے فقہ حنفی کے ان تمام اقوال کو چھوڑ دیا جن میں حمل کی زیادہ مدت تین یا چار سال بتائی گئی ہے۔" [40]

أزہری علماء کے فتوی کا منہج و طریق کار کسی خاص فقہی مذہب کی پابندیوں میں محصور نہیں ہے بلکہ یہ حضرات تمام فقہی مذاہب سے بغیر کسی گروہی منافرت و تعصب کے استفادہ کرتے ہیں۔مجمع البحوث کا فتوی دینے کا بھی طریق کار اور منہج وہی ہے جو فتوی کمیٹی کے عنوان کے تحت بیان ہو چکا ہے۔مجمع کی پہلی کانفرنس جو مارچ ۱۹۶۴ء بمطابق شوال ۱۳۸۳ھ میں منعقد ہوئی' اس اجلاس میں مجمع کا علمی منہج تین درجات میں بیان کیا گیا ہے۔پہلا درجہ تو یہ ہے کہ مجمع ممکن حد تک اپنے فتاوی میں سابقہ جمیع فقہی مذاہب سے استفادہ کرے گی اور اس میں کسی خاص فقہ کی پابند نہیں ہو گی۔اگر سابقہ جمیع فقہی مذاہب کے اقوال میں موجودہ مسائل کی کماحقہ رہنمائی نہ ہو تو پھر سابقہ فقہی مذاہب کے اصولوں کو

---

[38] Ibid., 324-325.
[39] *Ijtimāʿī Ijtihād: Taṣawwur, Irtiqāʾ awr Amlī ṣūratain*, 325.
[40] Ibid., 326.

**The Scholar Islamic Academic Research Journal**
Vol. 5, No. 2 || July -December 2019 || P. 21-37
https://doi.org/10.29370/siarj/issue9ar2

مد نظر رکھتے ہوئے اجتہاد کرے گی اور اگر سابقہ فقہی مذاہب کے اصولوں سے بھی اس مسئلے میں مناسب رہنمائی اخذ کرنا ممکن نہ ہو تو مجمع مطلق اجتماعی اجتہاد کرے گی۔ڈاکٹر شعبان اس قرارداد کے الفاظ کو نقل کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"یہ اجلاس یہ قرارداد پاس کرتا ہے کہ اُحکام شرعیہ کے بنیادی مصادر صرف دو ہی ہیں: یعنی قرآن کریم اور سنت نبویہ۔اور اجتہاد ان دونوں مصادر سے شرعی احکام مستنبط کرنے کا طریق کار ہے اور یہ اجتہاد ہر وہ شخص کر سکتا ہے جس میں اجتہاد کی شرائط پائی جاتی ہوں اور یہ اجتہاد اس کے اصل محل میں ہوگا۔ مصالح اور نئے حوادث کی رونمائی کا لحاظ کرتے ہوئے مختلف فقہی مذاہب کے ان احکام کو اختیار کیا جائے گا جو ان تقاضوں کو پورا کرتے ہوں اور اگر ان فقہی مذاہب کے احکام ان تقاضوں کو پورا نہ کرتے ہوں تو پھر اجتماعی مذہبی اجتہاد ہوگا اور اگر اجتماعی مذہبی اجتہاد سے بھی مطلوبہ مقاصد پورے نہ ہوتے ہوں تو پھر اجتماعی مطلق اجتہاد ہوگا۔" [41]

## مجمع کے اجتہادی منہج پر تنقید کا جائزہ:

مجمع نے کئی ایک مسائل میں اپنی علمی آراء، تحقیقات اور فتاوی کا اظہار کیا ہے۔ذیل میں ہم کچھ جدید مسائل میں مجمع کی آراء کا تذکرہ کر رہے ہیں:

- کسی بھی قسم کے قرض پر کسی بھی قسم کی منفعت سود ہے اور شرعاً حرام ہے۔
- تجارتی انشورنس حرام ہے۔
- نقدی اور اُموال تجارت میں نصاب زکوۃ سونا ہے۔
- فیکٹریوں، کارخانوں، بحری جہازوں اور ہوائی جہازوں میں ان کی منفعت پر زکوۃ ہے نہ کہ اصل قیمت پر۔
- تعدد اُزواج مباح ہے اور اس کے لیے شوہر کو بیوی یا قاضی کی اجازت کی ضرورت نہیں ہے۔
- طلاق مباح ہے اور قاضی کی اجازت کے بغیر بھی واقع ہو جاتی ہے۔
- منصوبہ بندی کے قوانین وضع کرنا شرعاً جائز نہیں ہے۔
- تحدید نسل کے لیے نس بندی اور اس قسم کے وسائل کا استعمال شرعاً جائز نہیں ہے۔
- اسلامی مہینے کی ابتداء کے لیے رویت ہلال شرط ہے۔[42]

اُزہری علماء میں سے شیخ عبداللہ صیام، شیخ اُحمد طہ السنوسی اور شیخ عبدالوہاب خلاف نے انشورنس کو جائز قرار دیا۔ مفتی

---

[41] Ibid., 151.

[42] *Ijtimāʿī Ijtihād: Taṣawwur, Irtiqāʾ awr Amlī ṣūratain,* 156-160.

**The Scholar Islamic Academic Research Journal**
Vol. 5, No. 2 || July -December 2019 || P. 21-37
https://doi.org/10.29370/siarj/issue9ar2

محمد عبدہ نے مجسمہ سازی کو بھی اس صورت میں جائز قرار دیا جبکہ اس میں شرک کا شائبہ نہ ہو۔ مفتی مصر شیخ حسنین مخلوف اور شیخ الازہر جاد الحق علی جاد الحق نے عورت کے لیے غیر محرم افراد کے سامنے اپنے چہرہ کھلا رکھنے کو مباح قرار دیا جبکہ عام طور اہل علم کا فتوی یہ نہیں ہے۔[43]

مجمع البحوث الاسلامیہ پر بھی اس کے بعض فتاوی کی وجہ سے دوسرے علمی حلقوں اور تنظیم کی طرف سے علمی تنقید ہوتی رہتی ہے۔ مجمع نے ۲۰۰۲ء میں بینکوں کے منافع کے حلال ہونے کا فتوی جاری کیا۔ مجمع کے سابقہ اسٹنٹ سیکریٹری جناب سید عسکر صاحب کا کہنا ہے کہ مجمع اگرچہ عالم اسلام کے کبار علماء پر مشتمل ہے لیکن مؤتمر المجمع کا اجلاس پچھلے ساتھ سال سے نہیں ہوا اور مجمع کے پلیٹ فارم سے جو بھی فتاوی جاری ہوتے ہیں وہ در حقیقت مجلس المجمع کے ہوتے ہیں جو صرف مصری علماء پر مشتمل ہے۔ ان کا کہنا یہ بھی کہ مجمع کے یہ فتاوی قانونی نہیں ہیں کیونکہ مجمع کے دستور میں یہ بات طے ہے کہ جب تک اس کے غیر ملکی اراکین میں سے ۵،۱ ارکان حاضر نہ ہوں گے، اس وقت تک مجمع کا فتوی مجمع کی رائے شمار نہ ہو گی۔[44]

واضح رہے کہ مجمع کو اس کے اجلاسات کے اعتبار سے دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے: مجلس المجمع اور مؤتمر المجمع۔ دونوں کے اراکین میں فرق ہے۔ مجلس المجمع ان ارکان پر مشتمل ہوتی ہے جو جمہوریہ مصر کے رہنے والے ہوں جبکہ مؤتمر المجمع میں اس کے تمام ارکان شامل ہوتے ہیں۔ ڈاکٹر شعبان محمد اسماعیل لکھتے ہیں:

> "مجمع کے بنیادی ادارے یہ ہیں: ۱۔ مجلس المجمع، جو صدر، سیکریٹری جنرل اور جمہوریہ مصر سے تعلق رکھنے والے کل وقتی اور جزوقتی اراکین پر مشتمل ہوتی ہے۔ ۲۔ مؤتمر المجمع، جو مجمع کے تمام اراکین (ملکی و غیر ملکی) پر مشتمل ہوتی ہے۔"[45]

مجمع المجلس کا عمومی اجلاس مہینے بھر میں ایک دفعہ لازمی ہوتا ہے۔ اور جب تک مجلس کے اکثر ارکان حاضر نہ ہوں اس وقت تک اس کا وہ اجلاس قانونی طور پر صحیح شمار نہیں ہوتا ہے۔ ڈاکٹر شعبان محمد اسماعیل مجمع کے اجلاسات کے بارے قانون ۱۰۳ کے آرٹیکل ۲۱ کو بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"مجمع المجلس کا عمومی اجلاس مہینے میں کم از کم ایک بار ہوتا ہے اور اس کا اجتماع اس وقت تک صحیح نہ ہو گا جب

---

[43] Ibid., 319-338.
[44] Aiman Mukawi, *Majmaʿ Al-Buhūth Al-Islāmiyyah bain al-Ifrāṭ wa al-Tafrīṭ*, Retrieved September 04, 2009, from http://www.islamonline.net/servlet/Satellite?c=ArticleA_C&pagename=Zone-Arabic-Shariah%2FSRALayout&7
[45] *Al-Ijtihād al-Jamāʿī wa Dawr al-Majāmiʿ al-Fiqhiyyah fī Taṭbīqihī,* 139.

**The Scholar Islamic Academic Research Journal**
Vol. 5, No. 2 || July -December 2019 || P. 21-37
https://doi.org/10.29370/siarj/issue9ar2

تک اس کے اکثر اراکین حاضر نہ ہوں۔" [46]

اس کے برعکس مؤتمر المجمع کا عمومی اجلاس سال میں ایک دفعہ ہوتا ہے اور تقریباً چار ہفتوں تک جاری رہتا ہے۔ڈاکٹر شعبان محمد اسماعیل آرٹیکل ۲۲ کے تحت لکھتے ہیں:

"مؤتمر المجمع کا عمومی اجلاس سال میں ایک دفعہ ہوگا اور اس کا یہ اجلاس تقریباً چار ہفتوں تک جاری رہے گا تاکہ سال بھر کے کاموں کے جدول پر غور ہو سکے۔ یہ بھی جائز ہے کہ اس عمومی اجلاس کے علاوہ بھی مؤتمر، شیخ الأزہر کی تجویز اور متعلقہ وزیر کی موافقت پر اپنا اجلاس سال بھر میں کسی وقت بھی بلوالے جبکہ حالات اس کے متقاضی ہوں۔ مؤتمر کے یہ دونوں قسم کے اجتماعات اس وقت صحیح متصور ہوں گے جبکہ اس کے اکثر اراکین حاضر ہوں اور یہ بھی کہ غیر ملکی اراکین کی کم از کم ایک چوتھائی تعداد موجود ہو۔" [47]

مراسلاتی اور اعزازی اراکین کو بھی مجمع کے اجلاسات میں شرکت کی اجازت ہوتی ہے۔اس بارے آرٹیکل ۲۹ کو بیان کرتے ہوئے ڈاکٹر شعبان محمد اسماعیل لکھتے ہیں:

"مجلس المجمع کی قرارداد اور متعلقہ وزیر کی موافقت سے مراسلاتی اور اعزازی اراکین کو بھی مجمع کے اجلاسات میں دعوت دی جاسکتی ہے۔" [48]

## خاتمۃ البحث:

مجمع البحوث الاسلامیہ اجتماعی اجتہاد کے لیے ایک معتبر ادارہ ہے۔اس کی خوبی اور کمال یہ ہے کہ اس میں جمیع فقہی مکاتب فکر کے اہل علم کو نمائندگی دی گئی ہے۔ جدید مسائل میں اجتماعی فتوی جاری کرنے کے لیے ایسے اداروں کا ہونا بہت ضروری ہے۔البتہ مجمع کے جاری کردہ فتاوی کے بارے ایک عمومی تاثر یہی پایا جاتا ہے کہ اس کے علماء کے فتاوی میں بالعموم سہولت اور آسانی کا پہلو غالب اور راجح نظر آتا ہے۔ یہ ایک اعتبار سے اس کا مثبت پہلو ہے لیکن اس صورت میں جبکہ شریعت اسلامیہ میں سہولت اور آسانی کا پہلو واضح طور موجود ہو۔ دوسرا مثبت پہلو یہ ہے کہ جدید مسائل میں فتوی جاری کرتے ہوئے مجمع میں تمام فقہی مکاتب فکر کو فقہ اسلامی کے ایک درخت کی متنوع شاخیں تصور کرتے ہوئے اس تمام فقہی ذخیرے سے استفادہ کی کوشش کی جاتی ہے۔

لیکن اگر امت کے اکثر علماء ایک فتوی دے رہے ہوں اور جامعہ ازہر اس کے بالکل برعکس کھڑا نظر آئے تو ایسی

---

[46] Ibid., 140.
[47] Ibid., 140.
[48] *Al-Ijtihād al-Jamāʿī wa Dawr al-Majāmiʿ al-Fiqhiyyah fī Taṭbīqihī,* 141.

**The Scholar Islamic Academic Research Journal**
Vol. 5, No. 2 || July -December 2019 || P. 21-37
https://doi.org/10.29370/siarj/issue9ar2

سہولت اور آسانی سے استفادہ کرنے سے لوگ شک میں پڑ جاتے ہیں۔ مثال کے طور پر شیخ الأزہر مفتی محمد عبدہ‘ شیخ محمود شلتوت اور سید طنطاوی نے اپنے ادوار میں بینکوں کے منافع کو حلال قرار دیا جبکہ مسلم دنیا میں عام طور اہل علم کا فتوی یہ نہیں رہا ہے۔ تو مجمع البحوث الاسلامیہ کے فتاوی سے استفادہ کرنا چاہیے لیکن اس کے ساتھ اجتماعی فتوی جاری کرنے والی دوسری ہیئات مثلاً سعودی عرب کی دائمی کمیٹی، انڈیا کی اسلامی فقہ اکیڈمی اور یورپین کونسل برائے فتوی اور تحقیق وغیرہ کی آراء کو بھی دیکھ لینا چاہیے۔

This work is licensed under a Creative Commons Attribution-NonCommercial-ShareAlike 4.0 International (CC BY-NC-SA 4.0)